PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 20th
Notice No. 2207
Received Dated 03 / 01 /2022
Admitted Dated 03 / 01 /2022
Department **Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 2207

منجانب: نگہت یاسمین اورکزئی اور عنایت اللہ، اراکین صوبائی اسمبلی

ہم وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسلے کی جانب مبذول کرانا چاہتے ہیں وہ یہ کہ حالیہ دنوں MDCAT ٹیسٹ ہونے کے بعد پاکستان میڈیکل کمیشن نے ایک نوٹیفیکیشن جاری کیا کہ تمام Admitting Universities دیر سے آنے والے نتائج کو MBBS/BDS میرٹ میں شامل کرنے کے پابند ہونگے۔ دیر سے آنے والے نتائج کی وضاحت کیلئے پی ایم سی نے 13 نومبر کو ایک نوٹیفیکیشن جاری کیا جس میں یہ بات واضح لکھی ہوئی ہے کہ تمام یونیورسٹیاں ان طلباء کے دیر سے آنے والے نمبرز قبول کرے گی جو پہلی مرتبہ امتحان دے رہے ہیں۔ جوکہ کورونا سے متاثر ہوئے تھے یا کسی بھی وجہ سے امتحان میں نہیں بیٹھے تھے، یا A لیول کے وہ طلباء جن کے امتحانات نومبر، دسمبر میں ہونے تھے۔ اس کے بعد طلباء وطالبات نے کے ایم یو سے بھی رابطے کیے تو انہوں نے بھی یہ کہا کہ ہم پی ایم سی کی پیروی کرینگے۔ بعد میں کے ایم یو نے اپنی پالیسی جاری کی جس کے پوائنٹ نمبر 3 میں واضح لکھا ہوا ہے کہ آن لائن اپلائی میں FSC کا رزلٹ کارڈ جمع کرنے کے بعد اس میں کسی قسم کی ردوبدل نہیں کی جائیگی اور ایمپرومنٹ کے نمبرز کا اس سال کے میرٹ پر کسی قسم کا اثر نہیں ہوگا۔ اس لئے بہت سارے طلباء وطالبات نے اسپیشل امتحان کے لیے آپلائی ہی نہیں کیا لیکن اس سب کے باوجود کے ایم یو نے اب آخر میں یہ نوٹیفیکیشن جاری کیا کہ ہم امپرورز کے نمبرز بھی میرٹ میں شامل کرینگے جوکہ اسپیشل امتحان میں شامل ہوئے تھے۔ اس اقدام سے کئی ایسے طلباء وطالبات جن کے اب میرٹ لسٹ میں نام آئے ہیں ان کے نام اس میرٹ لسٹ سے نکل جائینگے اور وہ طلباء وطالبات جن کے نام میرٹ لسٹ میں نیچے ہیں وہ میرٹ میں اوپر آجائینگے۔ کے ایم یو کے اس اقدام سے کئی طلباء کا مستقبل خطرے میں پڑجائے گا۔ صوبائی حکومت اس نوٹیفیکشن کو فوری طور پر واپس لے تاکہ طلباء میں پائی جانے والی بے چینی ختم ہوسکے۔